سوال

(747) باجماعت نماز میں بعد میں شامل ہونے والا نمازکس طرح شروع کرے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقتدی جب جماعت میں شامل ہو تو تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھ باندھے، پھر رفع الیدین کرکے سجدہ یا تشہد میں امام کے ساتھ شریک ہو یا سیدھا رفع الیدین کرکے امام کے ساتھ شامل ہو جائے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ظاہر یہ ہے کہ مقتدی ہاتھ باندھے بغیر بعد از تکبیر تحریمہ اسی حالت میں چلا جائے جس میں امام کو پاتا ہے۔ جامع ترمذی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی روایت میں ہے:

'فَلْيَصنع كما يصنع الامام' (سنن الترمذی، بَابُ مَا ذُكِرَ فِي الرَّجُلِ يُدْرِكُ الإِمَامَ وَهُوَ سَاجِدٌ كَيْفَ يَصْنَعُ، رقم: ۵۹۱)

اور سنن ابی داؤد میں قصہ معاذ رضی اللہ عنہ میں ہے:

'لا أراه علی حال الا كنت عليها' (سنن ابی داود، بَابُ كَيْفَ الْأَذَانُ، رقم: ۵۰۶)

علامہ احمد شاکر رحمہ اللہ نے جامع ترمذی کے حاشیہ پر اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے السلسلة الصحيحة (رقم: ۱۱۸۸) میں اس کو صحیح کہا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 640